لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ جمادی الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۹ اپریل ۱۹۱۷ء	نمبر ۱۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت محصول چنگی	۱
۲	اضافہ بابو ستندر ناتھ صاحب	۲
۳	رخصت تجمل حسین خاں صاحب	،،
۴	اضافہ کنہیا لال سپاہ پولیس	،،
۵	عطاء اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول بہ محمد عظمت اللہ خاں صاحب مجسٹریٹ درجہ دوم	،،
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ۲۴ فروری ۱۹۱۷ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری ریجالی پر کا غذات برائے تعزیری احکام واپس ہوں۔

دستخط خاص چیف منسٹر کے بحضور

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض

پیش شد

جناب عالی

بمعائنہ تحریر میونسپل افسر صاحب واضح ہوا کہ اکثر اشیاء پیداوار ریاست و انگریزی ایسی ہیں

جنکا ٹھیکہ جداگانہ صیغہ مال وغیرہ میں نہیں ہی اور اُن پر محصول نہیں لیا جاتا ہے اور بعض پیداوار ریاست ظاہر کرنے پر جھگڑا ہوتا ہی ایسی اشیا کا ایک نقشہ منسلک ہذا سپرنٹنڈنٹ چنگی نے پیش کیا ہی جسکی بابت حسب ذیل کمیٹی سے رائے پاس ہوئی۔

(۱) (مرچ نیم خشک) مرچ کا پیداوار تحصیل سوار میں زیادہ ہوتا ہی خشک مرچ پیداوار ریاست تحصیل سوار وغیرہ جو چونگی نینی تال دروازہ سے آتی ہی اُنپر ہمیشہ سے محصول چنگی لیا جاتا ہی اور کرانہ کی شرح سے فی روپیہ آدہ آنہ کے حساب سے محصول وصول ہوتا ہی۔ سبز مرچ یا نیم خشک پیداوار ریاست پر بجائے آدہ آنہ فی روپیہ کے پاؤ آنہ فی روپیہ لیا جانا مناسب ہے۔

(۳) (خربوزہ، تربوز، گنا وغیرہ) پیداوار ریاست پر محصول نہونا چاہیے علاقہ انگریزی سے جو ایسا مال لایا جاتے اُسپر محصول چنگی علاوہ آمد قدیم کے موافق لیا جاے

(۴) (کس ببول) ببول کا کس رنگ کے کام میں آتا ہی اور چمڑے میں دیا جاتا ہی فی روپیہ پاؤ آنہ محصول چنگی لینا مناسب ہے بموجب قانون چنگی ایسا مال اندر حدود میونسپلٹی لاکر فروخت کیا جاے یا بازار گھنٹہ گھر کا جاے بموجب قانون چنگی محصول قابل وصول ہے اور جو اندر حدود میونسپلٹی گذر کر جاتے تو روانگی بموجب قانون چنگی چونگی بندی سے دیا جاے

(۶) (جنس پیداوار انگریزی) ایسی اشیاء پر جنکا جداگانہ ٹھیکہ نہیں ہی محصول چنگی مقرر ہونا چاہیے جنس پیداوار انگریزی جو ایسی ہیں جنکا ٹھیکہ جداگانہ صیغہ مال وغیرہ سے ہی مثلاً آڑھت روغن زرد، آڑھت برگ تنبول، و آڑھت گنج وغیرہ دیگر چیزوں پر جب کوئی محصول مزدولی نہیں ہی اور ریاست میں کسی جگہ پر محصول نہیں لیا جاتا ہی ایسی اجناس پیداوار انگریزی پر محصول چنگی حسب قانون چنگی لیا جانا مناسب ہے جس قسم کی جنس ہو اُسی شرح سے موافق فہرست مندرجہ قانون محصول لیا جاے۔ نمبر (۲) و (۵) کی نسبت آئندہ کمیٹی میں تجویز ہوگی۔ لہذا عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم اجلاس ہمایوں پیش کیجاتی ہی جیسا ارشاد ہو تعمیل کیجاے۔ دولت اقبال جاوید باد۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

بنظر خوشنودی مزاج۔ بابو سریندر ناتھ دت اسسٹنٹ انجینیر تعمیرات کی تنخواہ موجودہ میں ماہوار

مبلغ پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں فقط

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور رخصت مزید ایک ہفتہ منشی محمد حسن خاں نائب تحصیلدار بلاسپور کی بوجہ علالت منظور کی گئی۔

اضافہ

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

حسب سفارش تحصیلدار صاحب حضور تحصیل سے کنہیا لال سیاہہ نویس حضور تحصیل مشاہرہ دار عہ بارہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں بوجہ حسن انجام خدمات و محنت و مستعدی ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

بحکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم کپتان محمد عظمت اللہ خانصاحب مجسٹریٹ درجہ دوم آبکاری کو اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول دیے جاتے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں ڈی او منسلک ہے فقط

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ۲ اپریل لغایت ۸ اپریل ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ مار			۷۰ مار	۷ مار	۸ مار	تحصیل شاہ آباد و ملک سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۲ مار			۱۲ مار	۱۲ مار	۱۲ مار	
نخود گشتہ آمیز	۱۳ مار			۱۳ مار	۱۲۰ مار	۱۳ مار	
کتہ	۱۳۰ مار			۱۴ مار	۱۳ مار	۱۳۰ مار	
ماش	۸۰ مار			مار	۷ مار	۸ مار	
مونگ	۸۰ مار			۷ مار	۶ مار	۹ مار	
مکا	۱۱ مار			۱۲ مار	۱۲ مار	۱۲ مار	
جئی	۱۳ مار			۱۲ مار	۱۱ مار	۱۴ مار	
گوجئی	۰			۰ مار	۱۱ مار	۱۲۰ مار	
مسور	۱۱ مار			مار	۱۵ مار	۱۰ مار	
ارہر	۱۰ مار				۸ مار	۰	
برنج	۷۰ مار			مار	۸ مار	۸ مار	
روغن زرد	۰ مار			مار	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۳۰ مار			مار	۳۰ مار	۳ مار	
روغن کنجد	۳ مار			مار	۳ مار	۳ مار	
نمک سانبھر	۱۰ مار			۱۰ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	
نمک لاہوری	۹ مار			مار	۹ مار	۹ مار	
قند سیاہ	۵ مار			مار	۴ مار	۵ مار	
[illegible]					۱۰ مار	۰	